حیسکو پریس ریلیز مورخہ 18.08.2026:

حفاظتی قوانین پر مکمل عمل کرنے سے حادثات سے بچیں گے اور جس نے ایک انسان کی جان بچائی، اس نے پوری انسانیت کی جان بچائی

''پہلے سیفٹی، بعد میں کام'' ہماری اولین ترجیح ہے۔ پرمٹ ٹو ورک (PTW) کے بغیر کوئی بھی لائن اسٹاف کام نہیں کرے گا، اس سلسلے میں چیف آپریٹنگ آفیسر آج ہی واضح احکامات جاری کریں۔ انہوں نے کہا کہ حیسکو کے تمام محنت کش مجھے بے حد عزیز ہیں، یہ ہمارے ہیروز ہیں اور انہی کی محنت و لگن سے ہم حیسکو کی نیک نامی میں اضافہ کر رہے ہیں۔ فیلڈ میں کام کرنے والے ملازمین کی جان و سلامتی پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔ SOP-2010 میں دی گئی حفاظتی ہدایات پر مکمل عملدرآمد یقینی بنایا جائے اور ہر افسر و ملازم اپنی ذمہ داری کو پوری سنجیدگی سے ادا کرے۔ ہمارے محنت کش حیسکو کے اصل اثاثہ ہیں۔ ان کی انتھک محنت اور فرض شناسی کے نتیجے میں حیسکو نے نمایاں کامیابیاں حاصل کی ہیں، جن میں 68 عدد 11 کے وی فیڈرز کو زیرو لوڈ شیڈنگ کرنا بھی شامل ہے۔ ہمارے فیلڈ اسٹاف کی محنت کا ثمر ہیں اور ہم ان کی خدمات کو قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں۔ حیسکو چیف ایگزیکٹو آفیسر فیض اللہ ڈاہری کا آپریشن سرکل حیسکو حیدرآباد کے زیر اہتمام مقامی ہال میں منعقدہ ایک روزہ ''سیفٹی سیمینار'' سے خطاب

حیسکو چیف اور ان کی پوری ٹیم کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ محنت کشوں کی فلاح و بہبود اور حفاظت کے لیے اس اہم پروگرام کا انعقاد قابلِ تحسین ہے۔ SOP-2010 پر مکمل عملدرآمد ضروری ہے اور مزدوروں کی حفاظت کے معاملے میں یونین حیسکو انتظامیہ کے ساتھ کھڑی ہے اور آئندہ بھی کھڑی رہے گی۔ حیسکو انتظامیہ کو 68 عدد 11 کے وی فیڈرز کو زیرو لوڈ شیڈنگ کرنے پر مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ حیسکو کے محنت کش ادارے کی بہتری اور عوام کو بہتر بجلی کی فراہمی کے لیے اپنی خدمات انجام دے رہے ہیں۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ حیسکو کی ترقی اور بہتری کے لیے انتظامیہ اور محنت کش مل کر اپنا کردار ادا کرتے رہیں گے۔ مرکزی صدر عبداللطیف نظامانی، آل پاکستان واپڈا ہائیڈرو الیکٹرک ورکرز یونین (سی بی اے) کا آپریشن سرکل حیسکو حیدرآباد کے زیر اہتمام مقامی ہال میں منعقدہ ایک روزہ ''سیفٹی سیمینار'' سے خطاب

حیدرآباد (پ ر) حیسکو ترجمان کے مطابق چیف ایگزیکٹیو آفیسر فیض اللہ ڈاہری کی ہدایت پر آج آپریشن سرکل حیدر کے زیر اہتمام سیفٹی سیمینار منعقد کیا گیا ہے جبکہ یہ سلسلہ پورے حیسکو ریجن میں تمام لائن اسٹاف کو سیفٹی قوانین پر مکمل عملدرآمد کرانے کے لئے سیفٹی سیمینار منعقد کیئے گئے ہیں کیونکہ انسانی جان بہت قیمتی ہے اس کی حفاظت لازمی ہے وہ صرف حفاظتی قوانین پر مکمل عمل کرنے سے ہی ممکن ہے T&P حفاظتی آلات کا پابندی سے استعمال کر کے اپنے آپ کو محفوظ رکھیں، چیف ایگزیکٹیو آفیسر فیض اللہ ڈاہری نے آپریشن سرکل حیدرآباد کے زیر اہتمام ایک روزہ ''سیفٹی سیمینار'' سے مقامی ہال میں اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ ''پہلے سیفٹی، بعد میں کام'' ہماری اولین ترجیح ہے۔ پرمٹ ٹو ورک (PTW) کے بغیر کوئی بھی لائن اسٹاف کام نہیں کرے گا، اس سلسلے میں چیف آپریٹنگ آفیسر آج ہی واضح احکامات جاری کریں۔ انہوں نے کہا کہ حیسکو کے تمام محنت کش مجھے بے حد عزیز ہیں، یہ ہمارے ہیروز ہیں اور انہی کی محنت و لگن سے ہم حیسکو کی نیک نامی میں اضافہ کر رہے ہیں۔ فیلڈ میں کام کرنے والے ملازمین کی جان و سلامتی پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔ SOP-2010 میں دی گئی حفاظتی ہدایات پر مکمل عملدرآمد یقینی بنایا جائے اور ہر افسر و ملازم اپنی ذمہ داری کو پوری سنجیدگی سے ادا کرے۔ ہمارے محنت کش حیسکو کے اصل اثاثہ ہیں۔ ان کی انتھک محنت اور فرض شناسی کے نتیجے میں حیسکو نے نمایاں کامیابیاں حاصل کی ہیں، جن میں 68 عدد 11 کے وی فیڈرز کو زیرو لوڈ شیڈنگ کرنا بھی شامل ہے۔ ہمارے فیلڈ اسٹاف کی محنت کا ثمر ہیں اور ہم ان کی خدمات کو قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں، اسی طرح مرکزی صدر عبداللطیف نظامانی آل پاکستان واپڈا ہائیڈرو الیکٹرک ورکروز یونین سی بی اے نے ایک روزہ ''سیفٹی سیمینار'' سے مقامی ہال میں اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ حیسکو چیف اور ان کی پوری ٹیم کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ محنت کشوں کی فلاح و بہبود اور حفاظت کے لیے اس اہم پروگرام کا انعقاد قابلِ تحسین ہے۔ SOP-2010 پر مکمل عملدرآمد ضروری ہے اور مزدوروں کی حفاظت کے معاملے میں یونین حیسکو انتظامیہ کے ساتھ کھڑی ہے اور آئندہ بھی کھڑی رہے گی۔ حیسکو انتظامیہ کو 68 عدد 11 کے وی فیڈرز کو زیرو لوڈ شیڈنگ کرنے پر مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ حیسکو کے محنت کش ادارے کی بہتری اور عوام کو بہتر بجلی کی فراہمی کے لیے اپنی خدمات انجام دے رہے ہیں۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ حیسکو کی ترقی اور بہتری کے لیے انتظامیہ اور محنت کش مل کر اپنا کردار ادا کرتے رہیں گے ایس ای آپریشن سرکل حیدرآباد عقیل نور میمن نے سیمنار سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ لائین پر جب بھی کام کریں پی ٹی ڈبلیو (PTW) لازمی لیں، یونیفارم ہماری پہچان ہے ہمیں اس پر ناز ہے، پرنسپل آر ٹی سی (RTC) سلیبس میں ایک چیپٹر اخلاقی اقدار کا بھی رکھیں، ایڈیشنل ڈائریکٹر (سیفٹی) مختیار حسین شاہ نے تقریب سی خطاب کرتے ہوئے کہا کہ سیفٹی پہلے اس کے بعد کام اس اصول پر پہلے پابندی سے عمل کریں اور سیفٹی کے 10 اصول ہیں ان پر مکمل عمل کریں، سال 2020 سے 2025 تک 18 ملازمین حادثات کے شکار ہوئے ہیں، جبکہ ان پانچ سالوں میں ٹوٹل 206 حادثات ہوئے ہیں جن میں ملازمین اور عام پبلک شہید اور اپاہج ہوئے ہیں۔ سرکل حیدرآباد میں پچھلے پانچ سالوں میں 66 حادثات ہوئے ہیں لیکن اس سال کوئی حادثہ نہیں ہوا ہے۔ اس موقع پر سیمنار میں جن اعلیٰ حیسکو افسران اور یونین نمائندگان نے خصوصی شرکت کی ان میں ایس ای حیدرآباد سرکل عقیل نور میمن، منیجر (ایچ ایس ای اینڈ ایس ایم) آصف شیراز، ایکسین آپریشن ڈویژن قاسم آباد اسد اللہ پیرزادہ، ایکسین آپریشن ڈویژن گاڑی کھاتہ عامر نوید میمن، انچارج پی ڈی سی/ڈپٹی منیجر (پی ڈی سی) غلام سرورانڑ، لائزن آفیسر فراز اشرف، ڈپٹی ڈائریکٹر (سیفٹی) مختیار حسین شاہ، ایکسین آپریشن ڈویژن لطیف آباد (ون) وحید علی برررڑو، ایکسین آپریشن ڈویژن لطیف آباد (ٹو) منیر پنھور، ایکسین آپریشن ڈویژن ٹنڈو الہیار سید عاقب عباس شاہ، ایس ڈی او آپریشن سب ڈویژن صدر وقاص ترین، ایس ڈی او آپریشن ڈویژن سٹیزن آفتاب ڈاہانی، ایس ڈی او آپریشن سب ڈویژن سرفراز کالونی محمد فاروق سومرو، ایس ڈی او حالی روڈ سجاد رضا رند، ایس ڈی/کو آرڈینیٹر ولید اد چانڈیو، جبکہ یونین کی جانب سے صوبائی سیکریٹری اقبال احمد خان، محمد حنیف خان، الہٰ دین قائمخانی، عزیز نظامانی، نور احمد نظامانی، اور دیگر عہدیداران موجود تھے۔

چیف ایگزیکٹیو آفیسر فیض اللہ ڈاہری، قائد مزدور عبداللطیف نظامانی، ایس ای آپریشن سرکل حیدرآباد عقیل نور میمن، ایڈیشنل ڈائریکٹر (سیفٹی) مختیار حسین شاہ و دیگر آپریشن سرکل حیدر کے زیر اہتمام سیفٹی سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے